**ویکسین سے متعلق معلومات کا بیان**

Many Vaccine Information Statements are available in Urdu and other languages. See www.immunize.org/vis

ٹیکے کی معلومات کے بہت سارے بیانات اردو اور دوسری زبانوں میں دستیاب ہیں۔ www.immunize.org/vis کریں مالحظہ

# مییننگوکوکل ACWY ویکسین: *آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے*

## 1. ویکسین کیوں لگوائیں؟

**مییننگوکوکل ACWY ویکسین** سیرو گروپس A، C، W، اور Y کی وجہ سے ہونے والی **مییننگوکوکل بیماری** کے خلاف حفاظت میں مدد کر سکتی ہے۔ ایک مختلف مییننگوکوکل ویکسین دستیاب ہے جو سیرو گروپ B کے خلاف حفاظت میں مدد کر سکتی ہے۔

**مییننگوکوکل بیماری** مننجائٹس (دماغ اور ریڑھ کی ہڈی کے استر کا انفیکشن) اور خون کے انفیکشن کا سبب بن سکتی ہے۔ حتّی کہ جب اس کا علاج کیا جاتا ہے، مییننگوکوکل بیماری 100 میں سے 10 سے 15 متاثرہ افراد کو ہلاک کر دیتی ہے۔ اور جو لوگ زندہ رہتے ہیں، ان میں سے ہر 100 میں سے تقریباً 10 سے 20 معذوری کا شکار ہوں گے جیسے کہ سماعت کی کمی، دماغی نقصان، گردے کا نقصان، اعضاء کا نقصان، اعصابی نظام کے مسائل، یا جلد کے پیوندوں سے شدید داغ۔

مییننگوکوکل بیماری شاذ ونادر ہے اور 1990 کی دہائی سے ریاستہائے متحدہ امریکہ میں اس میں کمی آئی ہے۔ تاہم، یہ ایک شدید بیماری ہے جس میں ان لوگوں میں موت یا دیرپا معذوری کا خطرہ ہوتا ہے جنہیں یہ لاحق ہوتی ہے۔

مییننگوکوکل بیماری کسی کو بھی ہو سکتی ہے۔ کچھ لوگوں کو زیادہ خطرہ ہوتا ہے، جس میں درج ذیل شامل ہیں:
- ایک سال سے کم عمر کے بچے
- 16 سے 23 سال کی عمر کے نوعمر اور نوجوان بالغان
- بعض ایسے دائمی امراض جو مدافعتی نظام کو متاثر کرتے ہیں والے لوگ
- مائیکروبائیولوجسٹ جو معمول کے مطابق *نائسیریا مینِنجائٹس* آئسولیٹس *(N. meningitidis)* کے ساتھ کام کرتے ہیں، وہ بیکٹیریا جو مییننگوکوکل بیماری کا سبب بنتا ہے
- وہ لوگ جو اپنے علاقے میں بیماری پھیلنے کی وجہ سے خطرے میں ہیں

## 2. مییننگوکوکل ACWY ویکسین

**نوعمروں** کو مییننگوکوکل ACWY ویکسین کی 2 خوراکوں کی ضرورت ہوتی ہے:
- پہلی خوراک: 11 یا 12 سال کی عمر میں
- دوسری (بوسٹر) خوراک: 16 سال کی عمر میں

نوعمروں کے لیے معمول کی ویکسینیشن کے علاوہ، مییننگوکوکل ACWY ویکسین **لوگوں کے مخصوص گروہوں** کے لیے بھی تجویز کی جاتی ہے:
- جو لوگ سیروگروپ A، C، W، یا Y مییننگوکوکل بیماری کے پھیلنے کی وجہ سے خطرے میں ہیں
- ایچ آئی وی والے لوگ
- کوئی بھی جس کی تلّی (طحال) خراب ہو گئی ہو یا نکال دی گئی ہو، بشمول سِکّل سیل کی بیماری والے لوگ
- کوئی بھی شخص جو مدافعتی نظام کی شاذ ونادر والی حالت میں ہے جسے "کمپلیمنٹ جزو کی کمی" کہا جاتا ہے
- ایسا کوئی شخص جو ایک قسم کی دوا لے رہا ہے جسے "کمپلیمنٹ انہیبیٹر" کہا جاتا ہے، جیسے کہ ایکیولیزومیب (جسے "Soliris®" بھی کہا جاتا ہے) یا ravulizumab (جسے "Ultomiris®" بھی کہا جاتا ہے)
- وہ مائیکرو بائیولوجسٹ جو معمول کے مطابق *نائسیرس مینیجائٹس کے آئسولیٹس کے ساتھ کام کرتے ہیں*
- کوئی بھی شخص جو دنیا کے کسی ایسے حصے کا سفر کرتا ہو یا اس میں رہتا ہو جہاں مییننگوکوکل بیماری عام ہے، جیسے افریقہ کے کچھ حصے
- رہائشی ہالوں میں رہنے والے کالج کے نئے طلبا جنہیں مییننگوکوکل ACWY ویکسین سے مکمل طور پر ٹیکہ نہیں لگایا گیا ہے
- امریکی فوج کے رنگروٹ

U.S. Department of Health and Human Services
Centers for Disease Control and Prevention

## 3. اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کریں

اپنے ویکسین فراہم کنندہ کو بتائیں اگر جو شخص ویکسین لے رہا ہے اسے:

- **مینیگوکوکل ACWY ویکسین کی پچھلی خوراک کے بعد، الرجی زا ردِعمل ہوا ہو**، یا کوئی **شدید، جان لیوا الرجیاں ہوں**

کچھ معاملات میں، آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ مستقبل کی کسی ملاقات تک مینِنگوکوکل ACWY ویکسینیشن کو ملتوی کرنے کا فیصلہ کر سکتا ہے۔

حاملہ یا دودھ پلانے والی خواتین کے لیے اس ویکسین کے خطرات کے بارے میں معلومات محدود ہیں، لیکن کسی بھی حفاظتی خدشات کی نشاندہی نہیں کی گئی ہے۔ حاملہ یا دودھ پلانے والی خاتون کے لیے اگر ضروری قرار دیا جائے تو اسے ٹیکہ لگانا چاہیے۔

نزلے جیسی معمولی بیماریوں میں مبتلا افراد کو، ٹیکہ لگایا جا سکتا ہے۔ جو لوگ تھوڑے بہت یا شدید بیمار ہیں انہیں عام طور پر مینِنگوکوکل ACWY ویکسین لگوانے سے پہلے صحت یاب ہونے تک انتظار کرنا چاہیے۔

آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ آپ کو مزید معلومات فراہم کر سکتا ہے۔

## 4. ویکسین کے ردِعمل کے خطرات

- مینِنگوکوکل ACWY ویکسینیشن کے بعد جہاں ٹیکہ لگا ہے وہاں لالی یا درد ہو سکتا ہے۔
- مینِنگوکوکل ACWY ویکسین حاصل کرنے والے لوگوں کی ایک چھوٹی سی شرح فیصد کو پٹھوں میں درد، سر درد، یا تھکاوٹ کا تجربہ ہوتا ہے۔

لوگ بعض اوقات طبی طریقہ کار، بشمول ویکسینیشن کے بعد بیہوش ہو جاتے ہیں۔ اگر آپ کو چکر آ رہا ہے یا آپ کی بصارت میں تبدیلی آئی ہو یا کانوں میں گھنٹیاں بج رہی ہوں تو اپنے فراہم کنندہ کو بتائیں۔

کسی بھی دوا کی طرح، ویکسین کے شدید الرجی زا ردِعمل، دیگر سنگین چوٹ، یا موت کا باعث بننے کا بہت کم امکان ہوتا ہے۔

## 5. اگر کوئی سنگین مسئلہ ہو تو کیا ہو گا؟

ویکسین شدہ شخص کے کلینک سے نکلنے کے بعد الرجی زا ردِعمل ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کو شدید الرجی زا ردِعمل کی علامات نظر آئیں (چھپاکی، چہرے اور گلے میں سوجن، سانس لینے میں دشواری، دل کی تیز دھڑکن، چکر آنا، یا کمزوری)، تو **9-1-1** کو کال کریں اور اس شخص کو قریبی ہسپتال لے جائیں۔

دیگر ایسی علامات کے لیے، جو آپ کے لیے تشویش کا باعث ہوں، اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ کو کال کریں۔

ویکسین کے ناموافق واقعہ کے رپورٹنگ سسٹم (Vaccine Adverse Event Reporting System, VAERS) کو منفی ردِعمل کی اطلاع دی جانی چاہیے۔ آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ عام طور پر یہ رپورٹ درج کرائے گا، یا آپ خود بھی کرا سکتے ہیں۔ VAERS ویب سائٹ **www.vaers.hhs.gov** ملاحظہ کریں یا **1-800-822-7967** پر کال کریں۔ *VAERS صرف ردِعمل کی اطلاع دینے کے لیے ہے، اور VAERS کے عملے کے اراکین طبی مشورہ نہیں دیتے ہیں۔*

## 6. نیشنل ویکسین انجری کمپنسیشن پروگرام

نیشنل ویکسین انجری کمپنسیشن پروگرام (National Vaccine Injury Compensation Program, VICP) ایک وفاقی پروگرام ہے جو ان لوگوں کو معاوضہ دینے کے لیے تشکیل دیا گیا تھا جنہیں کچھ ویکسینوں سے ضرر پہنچا تھا۔ ویکسینیشن کی وجہ سے مبینہ چوٹ یا موت کے حوالے سے دعوے دائر کرنے کے لیے ایک وقت کی حد ہے، جو دو سال تک مختصر ہو سکتی ہے۔ پروگرام کے بارے میں جاننے اور دعوی دائر کرنے کے بارے میں VICP کی ویب سائٹ **www.hrsa.gov/vaccinecompensation** ملاحظہ فرمائیں یا **1-800-338-2382** پر کال کریں۔

## 7. میں مزید کیسے جان سکتا ہوں؟

- اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے پوچھیں۔
- اپنے مقامی یا ریاستی محکمۂ صحت کو کال کریں۔
- ویکسین پیکج کی پرچی اور اضافی معلومات کے لیے فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن (Food and Drug Administration, FDA) کی ویب سائٹ یہاں ملاحظہ کریں **www.fda.gov/vaccines-blood-biologics/vaccines**۔
- بیماریوں کے کنٹرول اور روک تھام کے مراکز (Centers for Disease Control and Prevention, CDC) سے رابطہ کریں:
  - کال کریں **1-800-232-4636 (1-800-CDC-INFO)** پر یا
  - CDC کی ویب سائٹ **www.cdc.gov/vaccines** ملاحظہ کریں۔

Urdu translation provided by Immunize.org